بسم اللہ الرحمن الرحیم

درس:۱۴

(فصل پنجم)

درس سمجھ کرپڑھنے کی اہمیت

ImamSadiq.tv

طالب علم کو چاہئے کہ کوئی ایسی بات نہ لکھے یانہ حاصل کرے جو سمجھ میں نہ آئی ہو کیونکہ اس بات سے طالب علم کاشوق ختم ہو جائے گا،اسکی ذہانت ختم ہو جائے گی اور وقت ضایع ہو گا۔اور ضروری ہے کہ شاگرد غور و فکراور تکرار کے ذریعہ درس کو سمجھنے کی پوری کوشش کرے،اگردرس کم ہواوراس کی تکرار اوراس میں تفکرزیادہ ہو تودرک اور فہم میں اضافہ ہو گا۔

اگرانسان سمجھنے میں سستی کرے اورایک دومرتبہ بھی کوشش نہ کرے تواس کواسی بات کی عادت ہو جائے گی اور وہ آسان بات کو بھی نہیں سمجھ پائے گا توضروری ہے کہ درس کو سمجھنے میں سستی نہ کرے اوراللہ سے گڑگڑاکر کے دعامانگے،کیونکہ اللہ دعاؤوں کو قبول کرتاہےاورامیدوں کو برلاتاہے۔

طالب علم کے لئے ضروری ہے کہ جوکچھ اس نے سیکھاہےاس کودوسروں کے سامنے بیان کرے اور مباحثہ کرے اورلازم ہے کہ یہ کام منصفانہ،آرام اور تفکرکے ساتھ انجام پائے،اس کوچاہئے کہ غیض وغضب سے پرہیز کرے کیونکہ مباحثہ اور مذاکرہ درحقیقت ایک دوسرے سے مشورہ کی طرح اور حق بات تک پہنچنے کے لئے ہوتے ہیں اسی لئے فکراور انصاف سے کام لیناچاہئے نہ کہ غصہ اور لڑائی سے۔